سوال

شلواریں لمبی (299)

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض لوگوں کے کپڑے چھوٹے اور ٹخنوں سے اوپر تک ہوتے ہیں لیکن شلواریں بہت لمبی ہوتی ہیں تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہد!

ں (۱) اپنے تہبند کو (ٹخنوں سے نیچے تک) لٹکانے والا (۲) کوئی چیز دے کر احسان جتلانے والا اور (۳) جھوٹی قسم کھا کر اپنا سودا بیچنے والا۔ (صحیح مسلم) اسی طرح آپ نے اپنے بعض صحابہ سے یہ فرمایا ہے کہ کپڑے کو نیچے لٹکانے سے بچو کیونکہ یہ تکبر ہے۔''

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ کپڑے کو ٹخنوں سے نیچے لٹکانا کبیرہ گناہ ہے جیسا کہ ان احادیث کے عموم واطلاق کا تقاضا ہے، خواہ لٹکانے والا یہ گمان ہی کیوں نہ کرے کہ وہ ازراہ تکبر نہیں لٹکا رہا، ہاں البتہ جس شخص کا مقصود تکبر ہو تو اس کا گناہ اور بھی بڑا اور اس کی نافرمانی اور بھی شدید ہوگی، کیونکہ نبی کریم ﷺ۔

ں ﷺ نے حضرت ابو بکر صدیقؓ سے جو یہ فرمایا جب انہوں نے یہ عرض کیا یا رسول اللہ! میرا تہبند ڈھیلا ہو کر لٹک جاتا ہے لیکن میں اسے اوپر رکھنے کی کوشش کرتا ہوں، تو آپؐ نے فرمایا کہ: تم ان لوگوں میں سے نہیں ہو جو تکبر کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں۔ تو یہ حدیث اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ اس شخص کے۔

[مقالات وفتاویٰ ابن باز]

صفحہ 393

محدث فتویٰ